سے بھی کچھ تعلق ہے وہ مذہب اسلام کی حقیقت سے بالکل ہی آشنا نہیں ہے۔"

"مذہب اسلام کے احکام کی ظاہری صورت تو عبادت قرار دی گئی ہے اور روح اُن کی سیاست ہے۔ جیساکہ گدے کی ظاہری صورت تو بان یا سن کی رسیوں کا مجموعہ ہوتا ہے اور روح اس کی وہ بارود ہوتا ہے جو ان رسیوں کے اندر پوشیدہ ہوتا ہے اور اصل روح سب کی رضائے مولیٰ ہے۔"

اس کتاب میں جا بجا مسلمانوں کو دعوتِ عمل دی گئی اور بتایا گیا ہے کہ وہ کس طرح خدائی فوج کے صالح سپاہی بن سکتے ہیں۔

کتاب کا انداز بیان البتہ پرانا ہے۔ اہلِ ذوق حضرات اسے مصنف سے قیمتاً حاصل کر سکتے ہیں۔

مسلمانوں کی تباہی کے حقیقی اسباب از مولانا نذیر الحق میرٹھی۔ شائع کردہ مکتبہ تعمیرِ انسانیت گجرگلی اندرون موچی دروازہ۔ لاہور۔ قیمت ۸/ر۔ صفحات ۹۶۔

اس کتابچہ میں مسلمانوں کی تباہی کے اسباب پر قرآن اور سنت کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔ اور انہیں اُن کا صحیح موقف اور منصب یاد دلایا گیا ہے۔ تحریر کا رنگ سراسر خطیبانہ ہے۔ کتابت اور طباعت بہت حد تک معیاری ہے۔ سرورق رنگین۔ مگر اس سلسلہ میں ناشر سے ہمیں ایک شکایت یہ ہے کہ اگر انہیں سرورق پر نقش ونگار بنانے کا ذوق ہے تو انہیں اس طرح بنائیے کہ وہ کتاب کے نفسِ مضمون کے ترجمان ہوں۔

قصص النبیین (۱) قصص النبیین حصہ اول ضخامت ۶۲ صفحات قیمت دس آنہ (۲) قصص النبیین حصہ دوم۔ ضخامت ۵۹ صفحات قیمت دس آنہ۔ تالیف سید ابوالحسن علی ندوی۔ ملنے کا پتہ ندوۃ العلماء لکھنؤ (بھارت)

پچھلے چند سالوں میں جب سے اسلام کے احیا کی منظم کوششیں کی جانے لگی ہیں، مسلمان قرآن کی زبان سیکھنے کی طرف بھی خاص طور پر متوجہ ہوئے ہیں اور اس کے لیے کئی مفید کتابیں بھی لکھی گئی ہیں۔ مگر اس سلسلہ میں چھوٹے